**30.08.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... آسیہ میمونہ

**Music**

------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی جاپان کے اپنے دو روزہ دورے کے اختتام پر شنگھائی تعاون تنظیم SCO کی میٹنگ میں شرکت کیلئے چین روانہ ہوگئے ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ آنے والے دنوں میں بھارت اور جاپان کی دوستی نئی بلندیوں کو چھوئے گی۔

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے آج ٹوکیو میں سولہ Prefectures کے گورنروں کے ساتھ میٹنگ کی اور اُن پر زور دیا کہ وہ بھارت کے ترقی کے سفر میں حصہ لیں۔

☆ مرکزی وزیر پیوش گوئل نے پہلی سہ ماہی میں GDP کی سات اعشاریہ 8 فیصد شرح نمو کا خیرمقدم کیا ہے اور کہا ہے کہ بھارت، دنیا میں سب سے زیادہ تیزی کے ساتھ ترقی کررہا ہے اور اصلاحات سے اِسے مزید قوت حاصل ہورہی ہے۔

☆ جموں خطے میں مٹی کے تودے گرنے کے دو الگ الگ واقعات میں 11 افراد کی موت ہوگئی، جن میں ایک ہی خاندان کے سات افراد بھی شامل ہیں۔ موسمیات کے محکمے نے ہماچل پردیش، پنجاب اور اتراکھنڈ میں کہیں کہیں موسلادھار بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

☆ پنجاب کے کئی اضلاع میں زبردست سیلاب آیا ہوا ہے اور وہاں بچاؤ اور امدادی کام زور و شور سے جاری ہیں۔

----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**DAY-PM-JAPAN**

وزیراعظم نریندر مودی کا جاپان کا دو روزہ دورہ آج اختتام کو پہنچ گیا۔ پہلے دن 15 ویں بھارت-جاپان سالانہ چوٹی کانفرنس میں شرکت کے بعد جناب مودی نے آج ٹوکیو میں 16 پری فیکچرس کے گورنروں سے ملاقات کی۔ وزیراعظم نے سرکار

اور پری فیکچرس کے درمیان تال میل کی قوت کو اُجاگر کیا اور اس بات پر زور دیا کہ باہمی ترقی کیلئے 15 ویں سالانہ چوٹی کانفرنس کے دوران شروع کی گئی اسٹیٹ پری فیکچر شراکت داری کے تحت کام کیا جائے۔ وزیراعظم مودی نے جمعہ کو بھارتی ریاستوں اور جاپانی پری فیکچرس کے درمیان بہتر روابط پر زور دیا اور بھارت کے گورنروں اور ریاستی سرکاروں سے کہا کہ وہ مینوفیکچرنگ ٹیکنالوجی، اختراع، نقل وحرکت، جدید ترین بنیادی ڈھانچے، اسٹارٹ اپس اور SMEs میں شراکت داری کریں اور انہیں بھارت کی ترقی میں شامل ہونے کی دعوت دی۔

جاپان کے اپنے ہم منصب Shigeru Ishiba کے ساتھ بات چیت کے بعد جناب مودی Shinkansen بُلٹ ٹرین کے ذریعہ Miyagi پری فیکچر میں Sendai کے مقام پر گئے۔ دونوں لیڈر سیمی کنڈیکٹر بنانے والی ایک بڑی کمپنی ٹوکیو الیکٹران فیکٹری گئے۔ فیکٹری کے دورے کے بعد وزیراعظم مودی SCO چوٹی کانفرنس میں شرکت کیلئے چین روانہ ہوگئے۔ سالانہ چوٹی کانفرنس کے دوران وزیراعظم نریندر مودی اور وزیراعظم Shigeru Ishiba نے ڈھائی گھنٹے ایک ساتھ گزارے، جس کے دوران انہوں نے وفد کی سطح کی بات چیت کی اور اُن کے سامنے کئی سمجھوتوں پر دستخط کئے گئے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ اس دورے سے بھارت-جاپان شراکت داری میں ایک نئے دور کا آغاز ہوا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Om Awasthi**

*سفارتی اور اقتصادی کامیابی کے طور پر وزیراعظم نریندر مودی اور جاپان کے وزیراعظم **Shigeru Ishiba** نے اگلی دہائی کیلئے بھارت-جاپان روابط کو ایک نئی شکل دینے کیلئے ایک اسٹریٹجک بلیو پرنٹ دیا ہے، جس میں اہم شعبوں میں ہوئے سمجھوتے شامل ہیں۔ اس میں سب سے زیادہ اہمیت بھارت-جاپان مشترکہ ویژن کو دی گئی ہے، جو اگلے 10 سال کیلئے ترجیحی شعبوں جیسے اقتصادی شراکت داری، معاشی سکیورٹی، نقل وحرکت، ماحولیاتی پائیداری، ٹیکنالوجی اور اختراع، صحت، عوام سے عوام کے درمیان رابطے اور اسٹیٹ پری فیکچر تعلقات کیلئے لائحہ عمل تیار کرے گا۔ اقتصادی اعلانات میں سب سے زیادہ اہم وہ اعلان ہے، جس میں جاپان نے اگلے 10 سال میں بھارت میں نجی شعبے میں 10 کھرب **Yen** کی سرمایہ کاری کرنے کا عزم کیا ہے۔ سائنس اور خلاء کے شعبے میں ادارہ جاتی روابط اور ریسرچر کے تبادلے کو فروغ دینے کیلئے سائنس اور ٹیکنالوجی کے تعاون کیلئے ایک مشترکہ اعلامیہ کے ساتھ چندریان-5 پر اِسرو اور **JAXA** کے درمیان نفاذی سمجھوتہ بھی ہوا۔*

*اوم اوستھی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں......*

**SCO-SUMMIT**

شنگھائی تعاون تنظیم کی 25 ویں چوٹی کانفرنس چین کے شہر Tianjin میں کل شروع ہوگی۔ وزیراعظم نریندر مودی اِس

دو روزہ تقریب میں شرکت کریں گے اور عالمی لیڈروں سے ملاقات کریں گے۔ اِس چوٹی کانفرنس میں تنظیم کی 25 برسوں کی حصولیابیوں کا جائزہ لیا جائے گا اور 10 سالہ ترقیاتی حکمت عملی کو اختیار کیا جائے گا۔ چین، SCO کی اس چوٹی کانفرنس کی پانچویں مرتبہ میزبانی کررہا ہے۔ چین کے صدر Xi Jinping اس چوٹی کانفرنس میں 20 سے زیادہ سربراہان مملکت اور بین الاقوامی تنظیموں کے 10 لیڈروں کے شرکت کرنے کی توقع ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی اور روس کے صدر ولادیمیر پوتن اس چوٹی کانفرنس کے نمایاں لیڈروں میں شامل ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ V-C Ritish Kapoor

*وزیراعظم نریندر مودی شنگھائی تعاون تنظیم کی 25 ویں چوٹی کانفرنس میں شرکت کیلئے آج دوپہر Tianjin پہنچنے والے ہیں۔ کل سے شروع ہونے والی اس دو روزہ چوٹی کانفرنس میں ممبروں ملکوں کے سربراہ، مشاہدین اور شراکت دار تنظیموں کے لیڈر ایک جگہ جمع ہوں گے۔ وزیراعظم دیگر لیڈروں کے ساتھ علاقائی سکیورٹی، کنکٹی وٹی، پائیدار ترقی اور عالمی تعاون جیسے معاملات پر بات چیت کریں گے۔ بھارت کی فعال شراکت سے SCO کے طریقہ کار میں مشترک ترقی اور کثیر رُخی بات چیت کی اہمیت کے عزم کا اظہار ہوتا ہے۔*

*Ritish Kapoor کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ......*

## PUTIN-SCO

روس کے صدر ولادیمیر پوتن نے اپنے چین کے دورے سے پہلے مغربی ملکوں کی جانب سے عائد کردہ پابندیوں کو یکسر مسترد کردیا ہے۔ وہ وہاں شنگھائی تعاون تنظیم SCO کی چوٹی میٹنگ میں شرکت کیلئے جارہے ہیں۔ انہوں نے چین کی خبرایجنسی کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ روس اور چین نے عالمی تجارت میں بھید بھاؤ پر مبنی پابندیوں کی مشترکہ طور پر مخالفت کی ہے۔ صدر پوتن چین کے چار روزہ دورے پر بدھ تک وہاں قیام کریں گے۔ روس کے صدر چین کے شمالی بندر گاہی شہر Tianjin میں شنگھائی تعاون تنظیم SCO کی دو روزہ میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ اِس کے بعد جناب پوتن ، چین کے صدرXi Jinping سے بات چیت کیلئے بیجنگ جائیں گے اور دوسری جنگِ عظیم کے خاتمے کی یاد میں وہاں ہونے والی ایک فوجی پریڈ دیکھیں گے۔ ×

## INDIA-GDP

بھارت کی حقیقی مجموعی گھریلو پیداوار GDP کی شرح نمو مالی سال 2025-26 کی، اپریل سے جون تک کی سہ ماہی میں 7 اعشاریہ 8 فیصد رہی، جو پچھلی 5 سہ ماہی کی مدّت میں سب سے اونچی شرح ہے۔ پچھلے مالی سال کی چوتھی سہ ماہی

میں GDP میں 7 اعشاریہ 4 فیصد تک ترقی ہوئی تھی، جبکہ پچھلے مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں یہ جوں کی توں ساڑھے پانچ فیصد رہی تھی۔ اعداد و شمار اور پروگرام پر عمل درآمد وزارت کی جانب سے جاری رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی کیلئے GDP کے، تخمینوں کے مطابق، معمول کی GDP میں، اِسی مدّت کے دوران 8 اعشاریہ 8 فیصد کی شرح ترقی رہی۔

اس اعداد و شمار کا خیرمقدم کرتے ہوئے، مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے کہا کہ بھارت نہ صرف دنیا میں تیزی سے ترقی کرنے والی سب سے بڑی معیشت ہے بلکہ یہ اعداد و شمار خود اپنی جگہ اہمیت کے حامل ہیں۔

**SB - 1400 - Hardeep Singh Puri - GDP**

تجارت اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ بھارت ، دنیا کا تیزی سے ترقی کرنے والا ایک بڑا ملک ہے، جسے اندرونِ ملک کی جانے والی اصلاحی اقدامات سے مزید قوت مل رہی ہے۔

**SB - 1400 - Piyush Goyal - GDP**

## J&K CLOUDBRUST

جموں و کشمیر کے رام بن ضلعے کی راج گڑھ تحصیل میں بادل پھٹنے کے واقعے میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 4 ہو گئی ہے، جبکہ ایک شخص لاپتہ بتایا جاتا ہے۔ بچاؤ ٹیموں نے متاثرہ علاقے سے اب تک 4 لاشیں برآمد کی ہیں اور لاپتہ شخص کا پتہ لگانے کیلئے تلاش کارروائیاں جاری ہیں۔ اچانک بادل پھٹنے سے سیلاب آ گیا، جس سے املاک کا بڑے پیمانے میں نقصان ہوا اور خطّے میں روزمرہ کی زندگی شدید طور پر متاثر ہوئی۔ مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ انہوں نے اِس واقعے کے بارے میں رام بن کے ڈپٹی کمشنر سے بات کی ہے۔ جموں و کشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی اموات پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔×

## J&K LANDSLIDE

جموں وکشمیر میں آج صبح Reasi ضلع کے ایک دور دراز کے گاؤں میں موسلادھار بارش کی وجہ سے ایک گھر پر مٹی کے تودے گرنے سے ایک ہی خاندان کے 7 افراد کی موت ہوگئی۔ پولیس، SDRF اور مقامی انتظامیہ کے ہلکاروں سمیت بچاؤ ٹیموں کو فوراً جائے وقوع پر بھیجا گیا اور سبھی لاشوں کو برآمد کرلیا گیا۔ ضلع انتظامیہ نے پہاڑی علاقوں اور تودے کھسکنے سے زیادہ متاثرہ علاقوں میں رہنے والے لوگوں سے محتاط رہنے کی اپیل کی ہے اور شدید بارش کے دوران کمزور عمارتوں میں رہنے سے گریز کریں۔×

**J&K HIGHWAY TRAIN**

موسلادھار بارش اچانک سیلاب اور مٹی کے تودے گرنے کی وجہ سے جموں سری نگر قومی شاہراہ نمبر 44 آج لگاتار پانچویں دن بھی بند ہے۔ خبروں میں کہا گیا ہے کہ 2 ہزار سے زیادہ گاڑیاں وہاں پھنسی ہوئی ہیں۔ کئی ضلعوں میں ایندھن، LPG اور دوسری ضروری اشیاء کی شدید قلت ہوگئی ہے۔ شاہراہ، اُدھم پور میں Jakhaini اور Chenani کے درمیان کئی جگہوں پر بند ہے۔ سرحدی حفاظتی تنظیم مرمت اور بحالی کے کام میں لگی ہوئی ہے اور وہاں اعلیٰ اہلکار بھی پہنچ رہے ہیں، تاکہ شام تک اس راستے کو کھلوایا جاسکے۔ کسی بھی گاڑی کو Nagrota سے رِیاسی، Chenani، Patnitop، ڈوڈہ، رام بن، بنیہال یا سری نگر جانے کی اجازت نہیں دی جارہی ہے۔

قومی شاہراہ نمبر44 کے بند ہونے کی وجہ سے ہلکی گاڑیوں کیلئے مغل روڈ اور کشتواڑ - Sinthan - اننت ناگ اب واحد متبادل راستہ رہ گیا ہے۔ اِس کے علاوہ، کئی بین ضلعی راستے بھی بند ہوگئے ہیں، جس کے سبب درجنوں گاؤں الگ تھلگ ہوگئے ہیں۔ خراب موسم اور آمد و رفت میں رخنہ پڑنے کی وجہ سے ریلوے حکام نے جموتوی سے دو خصوصی ریل گاڑیاں چلانے کا اعلان کیا ہے۔ ایک گاڑی دلّی ، گوالیار اور بھوپال کے راستے Mhow جائے گی اور یہ تیسرے پہر تین بجے روانہ ہوگی۔ دوسری گاڑی شام پانچ بجے چھپرا کیلئے روانہ ہوگی۔ یہ گاڑی لدھیانہ اور مراد آباد کے راستے سے جائے گی۔ دونوں گاڑیوں میں AC مکسڈ ، سلیپر اور جنرل کوچز بھی ہوں گے۔ مزید جانکاری اور مدد کیلئے مسافر جموں ریلوے اسٹیشن کے ہیلپ Desk سے رابطہ قائم کرسکتے ہیں ، جس کا نمبر ہے : صفر ایک ، نو ایک ، دو نو ، پانچ پانچ ، تین پانچ ایک۔ x

**IMD-WEATHER**

پورے شمالی بھارت میں موسلادھار بارش کا قہر جاری ہے، جس سے پنجاب، اتراکھنڈ اور ہماچل پردیش میں بڑے پیمانے پر مٹی کے تودے کھسکنے اور سیلاب کے واقعات پیش آرہے ہیں۔ بچاؤ اور راحت کارروائیاں جاری ہیں اور آنے والے دنوں میں مزید بارش کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ پنجاب میں راوی ندی میں 14 اعشاریہ گیارہ لاکھ کیوسِک پانی چھوڑا گیا ہے، جو 1988 کی سیلاب کی سطح کو پار کرگیا ہے، جس کے سبب نچلی سطح کے کئی علاقے ڈوب گئے ہیں۔ پونگ باندھ اور دیگر باندھوں میں پانی کی بڑھتی ہوئی سطح تشویش کا باعث بنی ہوئی ہے۔ ماجھا اور Doaba میں پانی کی سطح کم ہوئی ہے، لیکن دیگر اضلاع میں مشکلات بدستور قائم ہیں۔ فوج، فضائیہ، NDRF اور SDRF اور مقامی انتظامیہ کی طرف سے راحت اور بچاؤ کا کام جاری ہے۔ وزیراعلیٰ بھگونت مان نے ایک اعلیٰ سطح کی کمیٹی قائم کی ہے، جو راحت اور بچاؤ کے کاموں میں تیزی لائے گی۔ اتراکھنڈ کے رودرپریاگ، اُترکاشی اور باگیشور سمیت کئی اضلاع میں بارش کی وجہ سے مٹی کے تودے کھسکنے کے واقعات میں 11 افراد لاپتہ ہوگئے ہیں۔ ہماچل پردیش میں مسلسل بارش کی وجہ سے چمبا، کانگڑا اور کلّو میں حالات خراب ہیں اور مٹی کے تودے کھسکنے کی وجہ سے سڑکیں مسدود ہوگئی ہیں اور پانی اور بجلی کی سپلائی متاثر ہوئی ہے۔x

**WOMEN HOCKEY**

چین کے Hangzhou میں جمعہ سے خواتین ایشیا کپ 2025 شروع ہورہا ہے، جس میں حصہ لینے کیلئے بھارتی خواتین ہاکی ٹیم آج Hangzhou کیلئے روانہ ہوگئی ہے۔ کیپٹن Salima Tete ، بیس رکنی اس بھارتی ٹیم کی قیادت کریں گی۔ ان کی کوشش ہوگی کہ وہ اس ٹورنامنٹ میں بھارت کو جیت دلاسکیں تاکہ اگلے سال FIH Women's ہاکی ورلڈ کپ 2026 میں ٹیم کی جگہ پکی ہوسکے۔ آئندہ مقابلے کے بارے میں بات کرتے ہوئے، Salima نے کہا کہ اگلے سال FIH Womens ہاکی ورلڈ کپ میں جگہ بنانے کیلئے یہ ٹورنامنٹ ایک بہت ہی اچھا موقع ہے۔ x

**BIHAR-ASIA CUP**

بہار کے راجگیر میں ایشیا کپ ہاکی چمپئن شپ میں آج دو میچ کھیلے جائیں گے۔ پہلا میچ بنگلہ دیش اور چینی تائپے کے درمیان ہوگا، جبکہ دوسرا میچ کوریا اور ملیشیا کے درمیان کھیلا جائے گا۔ x

**MAHA-ACCIDENT**

مہاراشٹر میں ایک تیزرفتار کنٹینر کی زد میں آجانے سے چھ راہ گیر چل بسے ۔ یہ حادثہ Beed تعلقہ میں Dhule-Solapur قومی شاہراہ پر آج صبح ہوا۔ یہ لوگ تعلقہ میں Beed اور Shidod گاؤں کے رہنے والے بتائے جاتے ہیں اور یہ لوگ Pendgaon میں ہنومان مندر میں درشن کیلئے جارہے تھے۔ پولیس نے کنٹینر کے ڈرائیور کو حراست میں لے لیا ہے اور مزید تفتیش جاری ہے۔ ریاست کے نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوار نے ، اِن راہ گیروں کی موت پر گہرے صدمے اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ x

**US OPEN**

بھارت کی Anirudh چندر شیکھر اور وجے Prashanth کی مردوں کی جوڑی امریکی اوپن کے دوسرے دور میں پہنچ گئی ہے۔ یہ جوڑی 8ویں درجے کے کھلاڑی Christian Harrison اور Evan King کو تین سیٹوں میں ہرا کر دوسرے دور میں پہنچی ہے۔ انہوں نے ایک گھنٹے 42 منٹ میں اِن دونوں کو تین-چھ، چھ-تین، چھ-چار سے ہرایا۔ دوسرے دور میں بھارت کی جوڑی کا مقابلہ آسٹریلیا کے John Patrick smith اور برازیل کے Fernando Romboli کی جوڑی سے ہوگا۔ x

**ODISHA-STATE LEGISLATURE**

لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے تمام ریاستوں اور مرکز کے انتظام والے علاقوں میں درج فہرست ذاتوں اور قبیلوں کی فلاح و بہبود کیلئے ریاستی قانون ساز مجالس کی کمیٹیاں بنانے پر زور دیا ہے۔ انہوں نے یہ بات آج بھوبنیشور میں درج فہرست ذاتوں اور قبیلوں کی فلاح و بہبود سے متعلق پارلیمنٹ اور ریاستی قانون ساز مجالس کی کمیٹیوں کے سربراہوں کی دو روزہ قومی کانفرنس کے اختتامی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ جناب اوم برلا نے یہ بھی کہا کہ معاشرے میں مساوات کیلئے ایک منصوبہٗ عمل مرتب کیا جارہا ہے تاکہ بابا صاحب بی آر امبیڈکر کا خواب 2047 تک شرمندۂ تعبیر ہوسکے۔

**VAISHNAW-TEMPERED GLASS**

اطلاعاتی ٹیکنالوجی اور الیکٹرانکس کے محکمے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے آج اترپردیش میں نوئیڈا میں Tempered Glass مینوفیکچرنگ پلانٹ کا افتتاح کیا ، جو اپنی قسم کا ملک میں پہلا پلانٹ ہے۔ ملک میں الیکٹرانکس سامان کی تیاری اور میک اِن انڈیا پہل قدمی کو فروغ دینے اور مستحکم کرنے کی سمت میں یہ ایک اہم قدم ہے۔ اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے، اطلاعاتی ٹیکنالوجی اور الیکٹرانکس محکمے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ ملک میں الیکٹرانکس سامان کی تیاری میں تقریباً چھ گنا اضافہ ہوا ہے اور اب موبائل، لیپ ٹاپ اور اِسی طرح کی دوسری چیزوں کے کلپرزے ملک میں ہی تیار کئے جارہے ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆